# 13۔ احکام کی تعلیم

**سلیبس:** مقدمہ، سبق نمبر13تا24　(صفحہ 77تا137)

## ماڈل پیپر2　(تحریری امتحان 20+ شفاھی امتحان5 : کل نمبر25)

(حصّہ اول)

☆درج ذیل سوالات میں سے کوئی 2کے جوابات تحریر کریں؟

1۔واجب نمازیں کتنی قسم کی ہیں اور کون کون سی۔ نیزان کے اوقات کی بھی وضاحت کریں؟
2۔نماز گزار کے لباس میں کون کون سی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟
3۔وہ کون سے مواقع ہیں جن میں نجس بدن یا لباس کے ساتھ نماز پڑھنا باطل نہیں ہے؟
4۔نماز گزار کی جگہ کے لیے کون کون سی شرائط ضروری ہیں؟
5۔واجبات نماز کتنے ہیں اور کون کون سی؟

(حصّہ دوم)

☆درج ذیل سوالات میں سے کوئی 2کے جوابات تحریر کریں؟

1۔نماز میں قرات کے احکام کتنے ہیں اور کون کون سے؟
2۔نماز میں رکوع سے کیا مراد ہے اور اس کے واجبات بھی بیان کریں؟
3۔نماز کے سجدہ سے کیا مراد ہے نیز اس کے وجبات بھی بیان کریں؟
4۔کون کون سی چیزوں پر سجدہ جائز ہے؟
5۔قرآن مجید کے واجب سجدے سے کیا مراد ہے؟

(حصّہ سوم)

☆درج ذیل سوالات میں سے کوئی 2کے جوابات تحریر کریں؟

1۔مبطلات نماز میں سے اہم امور کا ذکر کریں؟
2۔واجب نماز کو توڑنا حرام ہے مگر وہ کون سے مواقع ہیں جن میں نماز کو توڑا جاسکتا ہے؟
3۔نماز احتیاط اور دیگر نمازوں میں فرق بیان کریں؟
4۔نماز میں شک کی اقسام بیان کریں؟

## شفاھی (زبانی) امتحان۔Viva　(یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ سبق نمبر13 تا24 میں سے سوالات

# 14۔ علم فقہ

**ماڈل پیپر** نمبر 2　سلیبس : سبق 2 صفحہ 17 تا 54 (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5 : کل نمبر 25)

☆ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں؟

**1**۔ شیعہ فقہاء کی تاریخ کب شروع ہوئی ہے اور اس کی وجہ بھی بیان کریں؟

**2**۔ محقق حلی متقدمین کو نظر، اجتہاد اور انتخاب کا اہل جانتے ہیں ان کی کتابیں ان کے اجتہاد کا نچوڑ تھیں لیکن وہ فتویٰ کی شکل میں نہ تھیں کیا آپ جانتے ہیں کہ ان متقدین فقہاء کی کتابوں کی کیا صورت تھی؟

**3**۔ علی بن بابویہ قمیؒ نے کب وفات پائی اور کہاں دفن ہوئے نیز یہ بھی بتائیں کہ صدوقین سے کیا مراد ہے؟

**4**۔ شیخ مفید کب پیدا ہوئے اور کب انتقال فرمایا۔ فقہ میں آپ کی مشہور کتاب کون سی ہے ابن ندیم الفہرست کے پانچویں مقالہ کے دوسرے فن میں جہاں وہ شیعہ متکلمین کا تذکرہ کرتے ہیں انہوں نے شیخ مفید کو کس لقب سے یاد کیا؟

**5**۔ شیخ ابو جعفر طوسی مشہور بہ شیخ الطائفہ کہاں کے باشندے تھے۔ کب ولادت ہوئی۔ آن نے کن اساتذہ سے استفادہ کیا۔ آپ نے کس شہر میں حوزہ علمیہ کی بنیاد رکھی اور کب فوت ہوئے۔ آپ کی مشہور کتب کون سی ہیں۔ نیز شیخان سے کیا مراد ہے؟

**6**۔ شیخ ابوالقاسم جعفر بن حسن یحییٰ بن سعید حلی المعروف بہ محقق نے فقہ میں کون سی کتابیں لکھیں۔ چار کا ذکر کریں۔ آپ نے کب وفات پائی۔ فقہاء کی اصلاح میں جب کبھی بطور مطلق "محقق" کہا جائے تو اس سے مراد کون ہوتے ہیں۔ عظیم ریاضی دان اور فلسفی خواجہ نصیر الدین طوسی نے آپ سے کہاں ملاقات کی اور آپ کے کس درس میں شریک ہوئے؟

**7**۔ حسن بن یوسف بن علی بن مطہر حلّی معروف بہ علامہ حلّی کی مشہور فقہی کتابوں میں سے پانچ کا ذکر کریں۔ فقہ میں آپ کے کون سے استاد تھے اور فلسفہ اور منطق میں آپ کے کون سے استاد تھے آپ کب پیدا ہوئے اور کب انتقال فرمایا؟

**8**۔ شیعہ فقہاء میں وہ کون سی تین شخصیات ہیں جن کا تعلق ساتویں اور آٹھویں صدی سے تھا اور ان کی کتابوں نے فقہی متن کی حیثیت اختیار کر لی ہے؟

**9**۔ کن علماء کی کوششیں شام اور جبل عامل کے حوزہ علمیہ کی بقا کا باعث بنیں اور یہ حوزے ٹوٹتے ٹوٹتے بچ گئے؟

**10**۔ شیخ بہاء الدین محمد عاملی معروف بہ شیخ بہائی کہاں کے رہنے والے تھے۔ کیا آپ پہلے شخص تھے جنہوں نے فارسی میں غیر استدلالی فقہی احکام کا پورا دورہ رسالہ عملیہ کی شکل میں لکھا۔ آج یہ رسالہ کس نام سے مشہور ہے۔ ایران میں آپ کو کون سا اعلیٰ منصب ملا۔ آپ کب پیدا ہوئے اور کب وفات پائی۔ آپ کے شاگردوں میں کوئی چار کا ذکر کریں؟

**11**۔ کس فتنہ کے باعث اور کن کی حکومت کے خاتمہ کے باعث اصفہان کے حوزہ کی مرکزیت ختم ہو گئی؟

**12**۔ شیخ مرتضیٰ انصاری کا نسب کس صحابی سے ملتا ہے۔ آپ کتنے سال کی عمر میں اپنے والد کے ہمراہ عتبات (نجف و کربلا) تشریف لے گئے۔ آپ نے علماء سے استفادہ کے لئے کن شہروں کا دورہ کیا۔ آپ نے کہاں تدریس کی۔ آپ کس علاقے کے شیعوں کے مرجع قرار پائے آپ کو کون سا لقب دیا گیا۔ آپ کی مشہور کتابیں کون سی ہیں جو آج بھی دینی طلبہ کے نصاب درس میں شامل ہیں۔ آپ نے کب اور کس شہر میں انتقال فرمایا؟

**13**۔ حاج میرزا محمد حسن شیرازی معروف بہ میرزا شیرازی بزرگ آپ نے کہاں کہاں تعلیم حاصل کی کن کے حلقہ درس میں شریک ہوئے کوئی دو کا نام لیں۔ آپ کتنے سال سارے شیعوں کے واحد مرجع رہے۔ آپ کا کونسا فتویٰ تمباکو کے بارے میں مشہور ہوا۔ جس کی وجہ سے رژی نامی مشہور سامراجی معاہدہ منسوخ ہو گیا۔ کیا آپ کے قلمی اثر میں سے کچھ باقی ہے۔ آپ کب فوت ہوئے؟

**14**۔ صفویوں سے پہلے فقہ وفقاہت کا مرکز ایران میں نہ تھا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ شیعہ فقہ کا پہلا مرکز کون سی جگہ تھی؟

## شفاھی (زبانی) امتحان۔ Viva (یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ سبق نمبر 2 کے حصہ معروضی میں سے سوالات۔

# 15۔ تدریس زبان فارسی (حصّہ دوم)

**سلیبس**: تدریس زبان فارسی (حصہ دوم) یونٹ 5 تا 8

## ماڈل پیپر 2 (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5 : کل نمبر 25)

## حصّہ اوّل

**1**۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی پانچ کے جواب دیں:

(۱) فارسی میں جمع فعل بنانے کے لئے واحد فعل کے ساتھ کون سی علامت جمع لگاتے ہیں؟

(۲) اگر مبتدا کوئی واحد جاندار اہم ہو تو اس کے ساتھ فعل واحد استعمال ہوگا یا فعل جمع؟

(۳) اگر مبتدا دو ایسے واحد جاندار اسموں کی صورت میں ہو جنہیں واؤ عطف کے ساتھ ملایا گیا ہو تو اس کے ساتھ فعل واحد آئے گا یا جمع؟

(۴) اگر مبتدا کوئی جاندار جمع اسم ہو تو اس کے ساتھ فعل جمع استعمال ہوگا یا واحد؟

(۵) اگر مبتدا کوئی قابل احترام شخصیت ہو تو اس کے ساتھ فعل واحد استعمال کیا جائے گا یا جمع؟

(۶) فارسی میں اعداد کے ساتھ معدود اسم جمع کی صورت میں استعمال ہوتا ہے یا اسم واحد کی شکل میں؟

(۷) فارسی میں حروف جار کون کون سے ہیں؟

(۸) فارسی میں حروف جار اسم سے پہلے استعمال ہوتے ہیں یا اسم کے آخر میں؟

**2**۔ ایک سے بارہ تک اعداد فارسی ہندسوں کی صورت میں لکھیں؟

**3**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 20 کا اردو میں ترجمہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔مردان زخمی شدند | ۲۔دانش آموزان در اطاق هستنا | ۳۔آقای حسن آموزگار هستند |
| ۴۔این عروسک هاقشنگ است | ۵۔این کلفت کم کوش است | ۶۔این دو چشم است |
| ۷۔این چهار آلو بالو است | ۸۔این شش بادکنک است | ۹۔این نه پرستو هستند |
| ۱۰۔حالا ساعت چند است؟ | ۱۱۔حالا چه ساعتی است؟ | ۱۲۔حالا ساعت پنج است |
| ۱۳۔یک هفته چند روز است | ۱۴۔یک هفته هفت روز است | ۱۵۔یک سال چهار فصل است |
| ۱۶۔یک سال دوازده ماه است | ۱۷۔امروز چه روزی است؟ | ۱۸۔امروز یکشنبه است |
| ۱۹۔کتاب کجا است؟ | ۲۰۔کتاب روی میز است | ۲۱۔این عروسک برای بچه است |
| ۲۲۔خورشید در آسمان است | ۲۳۔قالی روی کف اطاق بود | ۲۴۔کنجشک روی شاخه بود |
| ۲۵۔مجید از کلاس غائب بود | ۲۶۔آقای آموزگار در کتابخانه بودند | ۲۷۔پیراهن کجا است؟ |
| ۲۸۔پیراهن توی چمدان است | ۲۹۔کلفت کجا است؟ | ۳۰۔کلفت در آشپزخانه است |
| ۳۱۔اکرم کو؟ | ۳۲۔اکرم در دلبستان است | |

**4**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 20 کا فارسی میں ترجمہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) وہ لڑکا کھلاڑی ہے | (۲) یہ لڑکے کام چور نہیں ہیں | (۳) انجم اور نسرین بھائی بہن ہیں | (۴) یہ پانچ انگلیاں ہیں |
| (۵) یہ آٹھ ابابلیں ہیں | (۶) اب کیا بجا ہے؟ | (۷) اب چھ بجے ہیں | (۸) کل کیا دن تھا |
| (۹) کل بدھ تھا | (۱۰) آج کیا دن ہے | (۱۱) آج جمعرات ہے | (۱۲) کل کیا دن ہے |
| (۱۳) کل جمعہ ہوگا | (۱۴) روٹی کہاں ہے؟ | (۱۵) روٹی ٹوکری میں ہے | (۱۶) پانی گلاس میں ہے |
| (۱۷) پنکھا میز پر ہے | (۱۸) استاد صاحب کہاں ہیں | (۱۹) استاد صاحب لائبریری میں ہیں | (۲۰) فوٹو کہاں ہے؟ |
| (۲۱) فوٹو البم میں ہے | (۲۲) یہ گیند بچے کے لیے ہے | (۲۳) کل حامد کلاس سے غیر حاضر تھا | (۲۴) مریض ہسپتال میں تھا |
| (۲۵) قالین فرش پر تھا۔ | | | |

**5**۔ دیئے ہوئے الفاظ کی مدد سے مندرجہ ذیل سوالوں کے فارسی میں جواب دیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔کتاب کجا است؟ | (کیف۔میز) | ۲۔چای کجا است؟ | (فنجان۔قوری) |
| ۳۔خورشید کجا است؟ | (آسمان) | ۴۔بادبزن کجا است؟ | (میز) |
| ۵۔امروز چه روزی است؟ | (شنبه) | ۶۔حالات ساعت چند است | (ساعت۷) |
| ۷۔حالا چه ساعتی است؟ | (ساعت ۹) | ۸۔شیر کجا است؟ | (لیوان) |
| ۹۔این چند تا انگشت است؟ | (پنج انگشت) | ۱۰۔این چند تا مداد است؟ | (هشت مداد) |

## حصّہ دوم

**1**۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔

(۱) ضمائر شخصی منفصل اور ضمائر شخصی متصل بہ فعل کون کون سی ہیں؟

(۲) است/هست، بود اور شد کے ساتھ ضمائر شخصی متصل بہ فعل استعمال کیجئے اور ان کے معانی بتایئے؟

**2**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں اسم کی جگہ ضمائر شخصی منفصل اور فعل کے ساتھ ان کی مطابقت ظاہر کرنے کے لیے ضمائر شخصی متصل بہ فعل استعمال کیجئے؟

۱۔حمید دانش آموز است　　۲۔حسن دیروز در خانه تنها بود　　۳۔طاهره در امتحان مقبول شد

**3**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ مناسب کلمات صفت انتخاب کرکے پُر کریں:

تنبل۔عمیق۔سرد۔باایمان۔خوشمزه۔رنگی۔تیز۔نظیف۔زیبا۔نو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔این دختر۔۔۔۔۔است | ۲۔این آب۔۔۔۔است | ۳۔آن غذا۔۔۔۔بود | ۴۔این مداد۔۔۔۔است |
| ۵۔آن دستمال۔۔۔۔نبود | ۶۔آن چاقو۔۔۔۔است | ۷۔این کفش۔۔۔۔است | ۸۔آن چاه۔۔۔۔است |
| ۹۔آن کودک۔۔۔۔بود | ۱۰۔آن مرد۔۔۔۔است | | |

**4**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 20 کا اردو میں ترجمہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔این غذا خوشمزه است | ۲۔آن دستمال نظیف است | ۳۔آن چاه عمیق بنود |
| ۴۔این ماهی خیلی کوچک است | ۵۔این درس خیلی آسان است | ۶۔آن کلفت خیلی کم کوش است |
| ۷۔آن دختر تنبل نبود | ۸۔این عروسک خیلی قشنگ است | ۹۔من دانش آموز هستم |
| ۱۰۔ما خوشبخت هستیم | ۱۱۔متشکرم | ۱۲۔خیلی ممنونهم |
| ۱۳۔من از دیدار شما خوشحال شدم | ۱۴۔ایشان دیروز در مریضخانه بودند | ۱۵۔شما آموزگار هستید؟ |
| ۱۶۔من شاگود هستم | ۱۷۔تو دیروز کجا بودی؟ | ۱۸۔من دیروز در خانه بنودم |
| ۱۹۔ما از کار خسته شدیم | ۲۰۔ایشان در امتحان مقبول شدند | ۲۱۔تو دیروز چو از کلاس غائب بودی؟ |
| ۲۲۔شما چگونه مریض شدید؟ | ۲۳۔ایشان با شما دوستند | ۲۴۔چطورید؟　۲۵۔خوبم |

**5**۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 15 کا فارسی میں ترجمہ کریجئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) یہ انار کٹھا ہے | (۲) وہ کنواں گہرا ہے | (۳) یہ کوٹ نیا نہیں ہے | (۴) وہ رومال صاف نہ تھا |
| (۵) یہ کھانا مزیدار ہے | (۶) یہ عمارت بہت اونچی ہے | (۷) وہ نوکرانی بہت سست ہے | (۸) یہ بچہ بہت خوبصورت ہے |
| (۹) میں پاکستانی ہوں | (۱۰) کیا آپ ایرانی ہیں؟ | (۱۱) وہ گھر میں اکیلا تھا | (۱۲) ہم خوش نصیب ہیں |
| (۱۳) میں شکر گزار ہوں | (۱۴) وہ کل ہسپتال میں تھے | (۱۵) تو کیسے زخمی ہو گیا | (۱۶) میں احمد کا دوست ہوں |
| (۱۷) آپ کیسے ہیں؟ | (۱۸) میں اچھا ہوں | (۱۹) ہم امتحان میں کامیاب ہو گئے | (۲۰) آپ کل کہاں تھے؟ |

**6**۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

من۔ما۔تو۔شما۔او۔ایشان۔کہنہ۔باهوش۔تنبل

# حصّہ سوم

**1**۔مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی پانچ کے جوابات دیں:

(۱) مصدر اور فعل میں کیا فرق ہے؟
(۲) رفت مصدر ہے یا فعل ہے؟
(۳) فارسی میں مصدر کی پہچان کے لیے کیا علامت ہے؟
(۴) فارسی میں مصدر سے ماضی کا صیغہ یا مادہ ماضی کس طرح بنایا جاتا ہے؟
(۵) خوردن، نوشتن، آمدن، رفتن اور آوردن مصدر سے مادہ ماضی بنائیے؟
(۶) جملہ فعلیہ خبریہ کے اہم اجزاء کون کون سے ہیں؟ ان کے نام بتائیے؟
(۷) کیا اردو اور فارسی کے جملہ فعلیہ میں فاعل، مفعول اور فعل کی ترتیب ایک جیسی ہوتی ہے؟
(۸) فعل لازم اور فعل متعدی سے کیا مراد ہے؟

**2**۔مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ مناسب مصدر لگا کر پُر کریں:

| | |
|---|---|
| ۱۔نان برای________است | ۲۔خود نویس برای__________است |
| ۳۔چشم برای_______است | ۴۔کتاب برای____________است |
| ۵۔گوش برای_______است | ۶۔زبان برای____________است |
| ۷۔صندلی برای______است | ۸۔شب برای____________است |

**3**۔مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 15 کا اردو میں ترجمہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔مداد برای نوشتن است | ۲۔گوش برای شنیدن است | ۳۔چشم برای دیدن است |
| ۴۔صندلی برای نشستن است | ۵۔لباس برای پوشیدن است | ۶۔روزنامہ برای خواندن است |
| ۷۔دختر خوابید | ۸۔کودک خندید | ۹۔پدر روزنامہ خواند |
| ۱۰۔دانش آموز درس خواند | ۱۱۔آموزگار درس داد | ۱۲۔امین کتاب آورد |
| ۱۳۔مجید حمید را ذید | ۱۴۔احمد از دبستان آمد | ۱۵۔فاطمہ بہ دبستان رفت |
| ۱۶۔حسن از خانہ بہ دبیرستان رفت | ۱۷۔آقای کمال باھواپیما بہ لاھور رفتند | ۱۸۔آموزگار شاگرد را در کلاس دید |
| ۱۹۔پرندہ از شاخہ پرید | ۲۰۔شاگرد کتاب را از بازار آورد | |

**4**۔مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی 10 کا فارسی میں ترجمہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| (۱) کتاب پڑھنے کے لیے ہے | (۲) آنکھ دیکھنے کے لیے ہے | (۳) کان سننے کے لیے ہے |
| (۴) پانی پینے کے لیے ہے | (۵) پنسل لکھنے کے لیے ہے | (۶) بچہ ہنسا |
| (۷) مجید آیا | (۸) طاہرہ گئی | (۹) باپ نے کتاب پڑھی |
| (۱۰) استاد نے سبق دیا | (۱۱) اختر کتاب لایا | (۱۲) احمد باپ کے ساتھ بازار گیا |
| (۱۳) فاطمہ سکول گئی | (۱۴) اجمل ہوائی جہاز سے لندن گیا | (۱۵) احمد نے اکرم کو بازار میں دیکھا |

## شفاھی امتحان۔viva

☆یونٹ نمبر 5 تا 8 میں سے قواعد، فارسی سے اردو اور اردو سے فارسی میں ترجمہ۔

## 16-اسلامک مووی: دی میسیج (The Message)

**ماڈل پیپر** نمبر2 سلیبس: دوسرا چوتھائی حصّہ (تحریری امتحان 20+ شفاھی امتحان 5 : کل نمبر25)

*1*۔ فلم دی میسیج کی روشنی میں حضور ﷺ کی تبلیغی و جنگی حکمت عملی کا جائزہ لیں؟

*2*۔ آپ کی رائے میں فلم دی میسیج میں حضورؐ کی زندگی کے کن واقعات کو نظرانداز کردیا گیا اور کن واقعات پر مناسب روشنی نہیں ڈالی گئی؟

*3*۔ فلم میں بیان کیے گئے درج ذیل کرداروں میں سے کوئی 2 پر نوٹ لکھیں:

۱۔ حضرت جعفر بن ابوطالبؑ ۲۔ حضرت زیدؓ ۳۔ حضرت عمار بن یاسرؓ ۴۔ حضرت بلالؓ

*4*۔ درج ذیل موضوعات میں سے کوئی 2 پر نوٹ لکھیں:

۱۔ اسلام کا پہلا سفارتی وفد حضرت جعفر بن ابوطالبؑ کی سربراہی میں اور اس کے اثرات

۲۔ شعب ابی طالبؑ (مسلمانوں پر بے رحمی کے تین سال)

۳۔ حضرت ابوطالبؑ کا قریش سے آخری مکالمہ

۴۔ حضرت ابوطالبؑ اور حضرت خدیجہؑ کے انتقال سے تبلیغ اسلام پر اثرات

۵۔ حضور ﷺ تبلیغ دین کے لیے طائف

**شفاھی** (زبانی) **امتحان۔Viva** (یہ امتحان یونیورسٹی انتظامیہ لے گی)

☆ مووی کے مجوزہ حصّے میں سے سوالات